**20.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......اصغر علی

**Music**

------------------------------

- ☆ حکومت نے اعادہ کیا ہے کہ ملک میں خام تیل کے ذخائر وافر مقدار میں موجود ہیں، تمام ریفائنریز پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور LPG کی پیداوار مستحکم اور مناسب ہے۔
- ☆ مغربی ایشیا میں تنازع مزید شدت اختیار کر گیا ہے، خلیجی خطے میں توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے پر بڑے پیمانے پر حملے کیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم مودی نے صورتحال پر بحرین کے بادشاہ سے بات کی۔
- ☆ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ نیا انکم ٹیکس قانون، تنازعات کو کم کرے گا اور ضابطوں کی تعمیل کو آسان بنائے گا۔
- ☆ ملک بھر میں اسکول سے باہر رہ جانے والے اور درمیان میں تعلیم چھوڑنے والے بچوں کیلئے ایک مہم شروع کی جائے گی تاکہ تعلیم کیلئے اُن کا دوبارہ اندراج کرایا جاسکے۔ اِس کا ہدف 2030 تک 100 فیصد بچوں کا داخلہ کرانا ہے۔
- ☆ مرکز نے 300 غیر قانونی جوئے اور سٹّے بازی ویب سائٹس اور ایپس کو بند کر دیا ہے۔
- ☆ اور بیڈمنٹن میں، تنوی شرما، فرانس میں Orleans ماسٹرز کے خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**West Asia Daily Brief**

حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ تمام ریفائنریاں پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں اور ملک میں خام تیل کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ گھریلو LPG کی پیداوار مستحکم ہے اور یہ کافی مقدار میں دستیاب ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے بتایا کہ گزشتہ ایک ہفتے میں گیارہ ہزار 300 ٹن کمرشیل LPG، صارفین کو فراہم کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گھریلو LPG کی پیداوار میں 40 فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور بازار میں کسی قسم کی کمی نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پریمیم پیٹرول کی قیمت میں معمولی اضافہ کیا گیا ہے جبکہ عام پیٹرول کی قیمت میں کوئی اضافہ نہیں ہوا ہے۔

**S/B: Sujata Sharma on Price Hike**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت کے خصوصی سیکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا کہ گزشتہ **24** گھنٹے میں کوئی سمندری واقعہ پیش نہیں آیا اور تمام **22** جہاز اور **611** بھارتی ملاح پوری طرح محفوظ ہیں۔

**S/B: Rajesh Sinha**

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ بھارت نے آرمینیا–آذربائیجان کے راستے **913** بھارتی شہریوں کو نکالا ہے، جن میں مقدس مقامات کی زیارت کرنے والے **284** افراد شامل ہیں۔

**S/B: Randhir Jaiswal**

وزارتِ خارجہ میں خلیجی امور کے محکمے کے جوائنٹ سیکریٹری اسیم مہاجن نے بتایا کہ خلیجی خطے میں مختلف واقعات میں **6** بھارتی شہری ہلاک ہوئے ہیں اور ایک ابھی لاپتہ ہے۔**x**

## West Asia Conflict

مغربی ایشیا میں بڑھتے ہوئے تنازعے اور توانائی کے اہم بنیادی ڈھانچے پر بڑے پیمانے پر حملوں کی وجہ سے عیدالفطر اور نوروز کی خوشیاں ماند پڑ گئی ہیں۔ خطے میں کشیدگی میں تیزی سے اضافہ دیکھا گیا ہے، جہاں اب جوابی حملوں کا سلسلہ صرف فوجی اہداف تک نہیں ہے بلکہ یہ حملے معاشی اثاثوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں۔

متحدہ عرب امارات میں **Habshan** گیس فیسلیٹی اور باب آئل فیلڈ جیسے اہم تنصیبات کو میزائل حملوں اور گرنے والے ملبے کے بعد عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ کویت میں **Mina** الاحمدی ریفائنری پر ڈرون حملہ کیا گیا۔ قطر کے راس لفّان پلانٹ کو شدید نقصان پہنچا ہے، جس سے رقیق قدرتی گیس کی برآمدات متاثر ہوئی ہیں۔

آبنائے ہرمز تقریباً بند ہے، جس سے عالمی سطح پر تیل اور گیس کی سپلائی متاثر ہو رہی ہے اور توانائی کی منڈیوں میں بے یقینی کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے۔ اس دوران اسرائیل نے تہران کے قریب ایرانی اہداف پر مزید فضائی حملوں کی خبر دی ہے اور کہا ہے کہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Vinod Kumar**

اطلاعات کے مطابق ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان علی محمد **Naini** ایک اسرائیلی حملے میں ہلاک ہو گئے ہیں۔ اس کے جواب میں ایران نے سخت انتباہ جاری کیا ہے اور مزید کشیدگی کا عندیہ دیا ہے، جبکہ توانائی اور فوجی تنصیبات پر حملے جاری ہیں۔ لبنان میں صورتحال تیزی سے خراب ہو رہی ہے۔

اسرائیلی لڑاکا طیاروں نے **Bafliyeh** اور **Hanine** سمیت جنوبی علاقوں پر صبح کے وقت تازہ حملے کیے، جس میں کئی افراد زخمی ہوگئے۔ لبنان کی حکومت ایک سنگین انسانی بحران کا سامنا کر رہی ہے، جہاں دس لاکھ سے زیادہ افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔

عالمی سطح پر فوری جنگ بندی کے مطالبات بڑھ رہے ہیں، جبکہ لبنان کی حکومت دباؤ میں ہے اور حزب اللہ اور اسرائیلی افواج، دریائے **Litani** کے قریب ایک دوسرے پر راکٹ سے لگاتار حملے کر رہے ہیں۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد عمار

وزیر اعظم نریندر مودی نے بحرین کے بادشاہ حمد بن عیسیٰ الخلیفہ سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور توانائی و سول تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی۔

جناب مودی نے ان حملوں کے سبب عالمی سطح پر خوراک، ایندھن اور کھاد کی یقینی فراہمی پر منفی اثرات پر زور دیا اور سمندری راستوں کی آزادی اور سلامتی کو یقینی بنانے کی اہمیت کو دہرایا۔x

## Jaishankar Meetings

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج آسٹریلیا کے اپنے منصب وزیر **Penny Wong**، بھارت میں قزاخستان کے سفیر عظمت **Yeskarayev** اور بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر ریاض حمیداللہ سے ملاقات کی۔ سلسلے وار سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ میٹنگ میں انھوں نے مغربی ایشیا میں جاری تنازع کے بارے میں بات چیت کی۔ اسی طرح قزاخستان کے سفیر کے ساتھ اپنی میٹنگ میں ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت اور قزاخستان کے درمیان شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے نئی دلّی میں جمہوریہ کوریا کے نائب زیر خارجہ **Park Yoon-Joo** کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔x

## Vaishnaw Railways Meeting

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی کے ریل بھون میں ریلوے کے سینئر حکام کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی، جس کا مقصد مسافروں کے تجربے کو بہتر بنانا تھا۔ میٹنگ کے دوران، جناب ویشنو نے اسٹیشن تک رسائی، مسافروں کی سہولتوں میں بہتری اور سیکیورٹی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ بات چیت میں لوگوں کے ہجوم کے بہتر انتظام، ٹیکنالوجی پر مبنی نگرانی اور اسٹیشن کے اندر آسان آمد و رفت جیسے اقدامات پر بھی غور و خوض کیا گیا۔ وزارتِ ریلوے کے مطابق، ان اصلاحات کا آغاز پہلے نئی دلّی ریلوے اسٹیشن سے کیا جائے گا اور بعد میں دیگر اسٹیشنوں کا احاطہ جائے گا۔x

## Punjab Rail Link

وزارت ریلوے نے تالونڈی سابو کو ریل لائن سے جوڑنے کی منظوری دے دی ہے، جو سِکھ مَت کی پانچ تختوں میں سے ایک تخت سری دمدمہ صاحب کی مقدس سرزمین ہے۔ ریلوے کے مرکزی وزیر مملکت **Ravneet** سنگھ نے آج بھٹنڈہ میں اس منصوبے کا اعلان کیا۔ انھوں نے کہا کہ اس منصوبے کے ذریعے تخت سری دمدمہ صاحب کو دیگر چار تختوں کے ساتھ ریل کے ذریعہ جوڑ دیا جائے گا جو مذہبی اور علاقائی روابط کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔x

## Goyal WTO

تجارت وصنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل اِس ماہ کی 26 سے 29 تاریخ کے درمیان Cameroon کے Younde میں منعقد ہونے والی عالمی تجارتی تنظیم کی چودھویں وزارتی کانفرنس میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ وزارت تجارت کے سرکاری ذرائع نے بتایا کہ بھارت اس میٹنگ میں WTO کو مزید مستحکم کرنے پر زور دے گا تاکہ ایسے وقت میں عالمی تجارت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرسکے، جب دنیا مختلف جغرافیائی، سیاسی عوامل کی وجہ سے عدم استحکام کو شکار ہے۔ میٹنگ میں WTO کے ارکان ممالک کے درمیان، ٹرمپ انتظامیہ کے ذریعہ عائد کردہ ٹیکس پر بھی تبادلہ خیال ہونے کا امکان ہے۔x

## BES Manohar Lal

مرکز نے آج ریاستوں کو توانائی کے شعبے میں بڑے اصلاحات کے نفاذ میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ توانائی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے ریاستوں کو قانونی وانتظامی اقدامات سمیت اصلاحات میں بھرپور مدد کی یقین دہانی کرائی۔ بھارت الیکٹری سٹی سمٹ میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی وزارتی سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے ملک کی حصولیابیوں کو اجاگر کیا، جس میں 520 گیگاواٹ نصب شدہ توانائی کی صلاحیت، DISCOM کی کارکردگی میں بہتری، بڑے پیمانے پر اسمارٹ میٹر کی تنصیب اور توانائی کی قلت کو دور کرنا شامل ہیں۔ میٹنگ میں توانائی کے تحفظ کو یقینی بنانے اور اس کی پیداوار میں اضافہ پر زور دیا گیا۔x

## Manohar Lal Mauritius

بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے نئی دلّی میں بھارت الیکٹری سٹی سمٹ کے موقع پر آج ماریشس کے توانائی اور عوامی خدمات کے وزیر Patrick Gervais Assirvaden سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب منوہر لال نے کہا کہ انھوں نے بجلی کی پیداوار، بجلی کی ترسیل تقسیم اور گرڈ نظام میں باہمی تعاون بڑھانے پر بات چیت کی۔ انھوں نے بھارت اور ماریشس کے درمیان توانائی کی یقینی فراہمی، کارکردگی اور جامع ترقی کے سلسلے میں تعاون پر بھی زور دیا۔x

## Prarambh Sitharaman

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج کہا کہ انکم ٹیکس قانون 2025 سے تنازعات میں کمی آئے گی اور ضابطوں کی تعمیل بھی آسان ہوگی۔ نئی دلّی میں انکم ٹیکس ایکٹ 2025 کے حوالے سے ملک گیر بیداری مہم ''پرارمبھ 2026'' سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ نیا قانون کم ابہام رکھتا ہے اور اسے سمجھنے کے خواہشمند افراد کیلئے ایک سادہ ڈھانچہ فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ چھوٹے کاروباری حضرات اور پیشہ ور افراد معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ وزیر خزانہ کے مطابق 819 دفعات کو کم کرکے 536 کردیا گیا ہے جب کہ 47 ابواب کو گھٹا کر 23 کردیا گیا ہے۔ نیا انکم ٹیکس 2025 اگلے ماہ کی پہلی تاریخ سے نافذ العمل ہوگا۔x

## National Drive Open School

حکومت اسکول سے باہر رہ جانے والے یا درمیان میں ہی تعلیم چھوڑ دینے والے بچوں کی شناخت کرکے اُنھیں دوبارہ تعلیم دلانے کیلئے ایک ملک گیر مہم کا آغاز کرے گی۔ تعلیم کی وزارت نے بتایا کہ یہ اقدام 2030 تک ہر بچے کو پری اسکول سے ثانوی سطح تک کی تعلیم میں شامل کرنے کے ہدف کو حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ اوپن اسکولنگ اُن بچوں کیلئے ایک بہتر متبادل ہے جو مالی، سماجی یا جغرافیائی وجوہات کی بنا پر باقاعدہ طور پر اسکول نہیں جاسکتے ہیں۔ ملک بھر میں دس ہزار سے زیادہ مراکز کے ذریعے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ، ایسے طلبا کو لچکدار تعلیم فراہم کر رہا ہے۔x

## NHAI AI Deshcam

حکومت اسکول سے باہر رہ جانے والے یا درمیان میں ہی تعلیم چھوڑ دینے والے بچوں کی شناخت کرکے اُنھیں دوبارہ تعلیم دلانے کیلئے ایک ملک گیر مہم کا آغاز کرے گی۔ تعلیم کی وزارت نے بتایا کہ یہ اقدام 2030 تک ہر بچے کو پری اسکول سے ثانوی سطح تک کی تعلیم میں شامل کرنے کے ہدف کو حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ اوپن اسکولنگ اُن بچوں کیلئے ایک بہتر متبادل ہے جو مالی، سماجی یا جغرافیائی وجوہات کی بنا پر باقاعدہ طور پر اسکول نہیں جاسکتے ہیں۔ ملک بھر میں دس ہزار سے زیادہ مراکز کے ذریعے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ، ایسے طلبا کو لچکدار تعلیم فراہم کر رہا ہے۔x

## Rev. MEITY Apps Blocked

حکومت نے غیر قانونی آن لائن جوئے اور سٹے بازی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 300ویب سائٹس اور ایپس کو بلاک کر دیا ہے۔ یہ اقدام غیر قانونی آن لائن گیمنگ سرگرمیوں کے خلاف جاری مہم کا حصہ ہے۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت کے ذرائع کے مطابق، یہ کارروائی سٹہ اور مٹکا جوئے بازی نیٹ ورکس کے ساتھ ساتھ اصل رقم سے چلنے والی کارڈ اور کیسینو گیمز کی ایپس کے خلاف بھی کی گئی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ اب تک تقریباً 8ہزار 400ایسی ویب سائٹس کو بلاک کیا جا چکا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Bhupendra Singh**

آن لائن گیمنگ کے فروغ اور ضابطے سے متعلق ایکٹ 2025 کے تحت نقصان دہ آن لائن منی گیمنگ سروسز، ان کے اشتہارات اور ان سے متعلق مالی لین دین پر پابندی عائد کی گئی ہے، جبکہ ای–اسپورٹس اور آن لائن سماجی کھیلوں کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ اس قانون کا مقصد ایسے پلیٹ فارمز کے باعث پیدا ہونے والی لت، مالی نقصان اور سماجی مسائل کو روکنا ہے جو جلد دولت کمانے کے جھوٹے وعدے کرتے ہیں۔

اس قانون کا ہدف خاص طور پر نوجوانوں اور کمزور طبقات کو ان کھیلوں کے سماجی، معاشی، نفسیاتی اور رازداری سے متعلق منفی اثرات سے بچانا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت آن لائن منی گیمنگ کی پیشکش، اس کے کام کاج

یا اس کی سہولت فراہم کرنے پر مکمل پابندی ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں تین سال تک قید اور ایک کروڑ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔

بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شاہد حبیب

## Badminton Orleans Masters

Orleans ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کی کھلاڑی تنوی شرما، خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے آج فرانس کے شہر میں واقع پیلس دی اسپورٹس میں کھیلے گئے کوارٹر فائنل میں جاپان کی Natsoki Nidaira کو چودھ–اکیس، چودہ–اکیس سے شکست دی۔ آج رات خواتین کے سنگلز کے ایک اور کوارٹر فائنل میں مالویکا بنسوڑ کا مقابلہ اپنی ہم وطن ایشا رانی باروا سے ہوگا جس سے بھارت کی ایک اور کھلاڑی کا سیمی فائنل میں پہنچنا یقینی ہوجائے گا۔x

## ED Ul Fitar

کل عید الفطر ملک کے مختلف حصوں میں مذہبی عقیدت اور جوش وخروش کے ساتھ منائی جائے گی۔ عید رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے اختتام پر منائی جاتی ہے۔

اس موقع پر عقیدتمند خوش نما پوشاک پہن کر عید کی نماز، عیدگاہوں اور بڑی مساجد میں ادا کرتے ہیں۔ بعد میں وہ ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دیتے ہیں اور اپنے رشتے داروں اور اقرباء کے گھر جاتے ہیں اور ایک دوسرے کو مٹھائیاں اور مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عید الفطر کے موقع پر اہل وطن کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انھوں نے کہا کہ عید کا تہوار، ضبط نفس، خیرات اور محروم طبقوں کے ساتھ ہمدردی کا درس دیتا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆